تبصرہ کتب

محمد رمضان یوسف سلفی

نام کتاب: نور البصیر

تحقیق وترتیب: حافظ محمد سلیم فتح پوری

صفحات 120۔ قیمت 60 روپے

ناشر: ابوعبداللہ سلیم ۔شعبہ نشرواشاعت جامع مسجد محمدی اہلحدیث کروڑ روڈ فتح پور ضلع لیہ

نماز میں رفع الیدین عند الرکوع وبعد الرکوع کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ یہ نبی علیہ السلام کی ایسی سنت ہے کہ اس کی تائید میں ساڑھے چارسو سے اوپر احادیث مروی ہیں۔ اسے ایک المیہ کہیئے کہ اس سنت کی مخالفت اور اسے مسخ کرنے کیلئے ''بعض الناس'' ایڑھی چوٹی کا زور لگاتے ہیں اور آئے روز وہ مختلف انداز واطوار سے رفع الیدین کی مخالفت کرتے ہیں۔ کچھ عرصہ پہلے مفتی منیر نامی حنفی مولوی نے رفع الیدین عند الرکوع وبعد الرکوع کی مخالفت میں کتاب لکھ کر اپنے باطن کو ظاہر کیا۔ اللہ رب العزت جزائے خیر دے اور صحت وعافیت سے رکھے محترم مولانا محمد سلیم فتح پوری کو جو عرصہ پچیس سال سے فتح پور ضلع لیہ کی جامع مسجد اہلحدیث میں خطابت وامامت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں کہ انہوں نے حب مصطفیٰ ﷺ سے سرشار ہوکر سنت نبوی کے احیاء کیلئے رفع الیدین کی تائید وحمایت میں ''نور البصیر'' کے نام سے بڑی تحقیقی کتاب حوالۂ قرطاس کی۔ اس کتاب میں حافظ سلیم صاحب نے مفتی منیر صاحب کے دلائل کا تحقیقی انداز میں خوبصورتی سے رد کیا ہے اور دلائل وبراہین سے یہ ثابت کیا ہے کہ رفع الیدین کرنا رکوع سے پہلے اور رکوع کے بعد سنت ہے اور نبی علیہ السلام کا ہمیشہ اس پر عمل رہا۔ اپنے موقف کی تائید میں حافظ صاحب نے صحیح احادیث کو پیش کیا ہے۔ اپنے موضوع پر یہ عمدہ تحقیقی کتاب ہے اس کے مطالعہ سے رفع الیدین سے متعلق شکوک وشبہات رفع ہوتے ہیں اور سنت نبوی کا خوبصورت پہلونکھر کر سامنے آتا ہے۔ ہم قارئین سے سفارش کرتے ہیں کہ وہ اس کتاب کو منگوا کر ضرور پڑھیں اس سے بڑی معلومات ملیں گی اور فائدہ ہوگا۔ ان شاء اللہ

☆☆☆☆☆☆☆

نام کتاب: **خلافت راشدہ**

مولانا ابراہیم میر سیالکوٹی رحمہ اللہ اپنے دور کے بلند مرتبہ عالم دین تھے انہوں نے قرآن وسنت کی تائید اور تاریخ سے متعلق بہت کچھ لکھا۔ وہ بلند پایہ محقق اور مصنف تھے۔ پیش نگاہ کتاب ''خلافت راشدہ'' کے موضوع پر ان کی بلند پایہ تصنیف ہے۔ اس میں انہوں نے اپنی علمی تحقیق سے مسئلہ خلافت کی تشریح اور اصحاب ثلاثہ سے متعلق قرآن وسنت کی روشنی میں بڑی علمی بحث کی ہے اور اس ضمن میں شیعہ حضرات کی طرف سے پیدا کردہ غلط فہمیوں کا عمدہ پیرائے میں مسکت جواب دیا ہے اور خلافت بلافصل پر بھی نظر کی ہے۔ بلاشبہ اپنے موضوع پر یہ مدلل کتاب ہے۔ کتاب کی ضخامت 160 صفحات، قیمت 40 روپے، کتاب ملنے کا پتہ ہے: مسلم پبلیکیشنز، سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ۔ کتاب بہت خوبصورتی سے طبع کروائی گئی ہے۔

نام کتاب: **جامعین حدیث**

تالیف: ملک عبدالرشید عراقی

صفحات: 143

قیمت: درج نہیں

ناشر: شعبہ تصنیف وتالیف جامعہ رحمانیہ ناصر روڈ سیالکوٹ

ملک عبدالرشید عراقی صاحب کثیر التصانیف مصنف ہیں۔ تاریخ، سوانح، اور شخصیات پر انہوں نے بیسیوں کتب حوالۂ قرطاس کی ہیں۔ کچھ عرصہ سے عراقی صاحب نے حدیث، دفاع حدیث، اور خدام حدیث کو اپنی نگارشات کا موضوع بنایا ہے۔ اس ضمن میں انہوں نے کئی کتب تالیف کر دی ہیں۔ پیش نگاہ کتاب ''جامعین حدیث'' بھی اسی سلسلے کی عمدہ کاوش ہے۔ اسمیں انہوں نے جامعین حدیث کا دلآویز تذکرہ عمدگی سے کیا ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے تیس (30) کے لگ بھگ برصغیر پاک وہند کے ایسے علماء کا تذکرہ کیا ہے جنہوں نے ''حدیث رسول اللہ ﷺ'' کے سلسلے میں وقیع خدمات سرانجام دیں۔ کتاب کے شروع میں عراقی صاحب نے بڑا مفصل مقدمہ تحریر کیا ہے۔ اس میں تدوین حدیث، کتابت حدیث، اور حافظین حدیث کا اختصار کے ساتھ تعارف پیش کیا ہے۔ کتاب معلومات کے اعتبار سے اچھی ہے۔ البتہ پاک وہند کے علمائے اہلحدیث کی خدمات حدیث کا باب توجہ طلب ہے اور اس میں اضافے کی ضرورت ہے تاکہ جو علمائے حدیث رہ گئے ہیں ان کا تذکرہ بھی آجائے۔ بہرحال ہم عراقی صاحب اور ناشر کو مبارک باد پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے ایک اہم موضوع سے متعلق کتاب لکھ کر شائع کر کے قارئین کو اس سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کیا۔ ناشر کے علاوہ کتاب ہر اچھے کتب خانہ سے دستیاب ہے۔